سوال

اگر بیوی اسلام قبول کرنے سے انکار کردے توکیا اسے طلاق دینی واجب ہے ؟

جواب

الحمدللہ

اگر تو آپ کی بیوی اہل کتاب (یعنی یھودیہ یا نصرانیہ) ہے تو آپ پر اسے طلاق دینا واجب نہیں ، بلکہ آپ اسے بدستور اپنی بیوی بنا کر رکھ سکتے ہیں ایسا کرنا مباح اور جائز ہے ۔

لیکن اگر وہ کسی اور دین پر ہو یا پھر بے دین ہو تو صرف آپ کے قبول اسلام سے ہی آپ دونوں کے مابین علیحدگی ہوجائے گی ، کیونکہ مسلمان شخص کے لیے مشرکہ عورت سے نکاح کرنا جائز نہیں ، اگر وہ ایسا کرتا ہے تو وہ نکاح نہیں بلکہ زنا شمار ہوگا ۔

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

10004